**23.03.2024**
**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں ................ آسیہ میمونہ

**Music**

1 وزیر اعظم نریندر مودی بھوٹان کا دو روزہ دورہ مکمل کرکے نئی دلّی واپس پہنچ گئے ہیں۔
2 دہشت گرد گروپ ISIS خراسان نے ماسکو میں حملے کی ذمہ داری قبول کی ہے۔ بھارت اور دوسرے ملکوں نے دہشت گردانہ حملے کی مذمت کی ہے۔
3 CBI سوال کے بدلے رقم کے معاملے میں کولکاتا میں TMC رہنما Mahua Moitra کے ٹھکانوں پر چھاپے مار رہی ہے۔
4 پنجاب کے سنگرور شہر میں مبینہ طور پر زہریلی شراب پینے سے کم سے کم 20 افراد کی جانیں تلف ہوگئی ہیں۔
5 آج IPL کرکٹ ٹورنامنٹ میں پنجاب کنگس، دہلی کیپٹلس کا جبکہ کولکاتا نائٹ رائیڈر، سن رائزرس حیدر آباد کا سامنا کرے گا۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

Rev India Bhutan

وزیراعظم نریندر مودی، بھوٹان کے اپنے دو روزہ کامیاب دورے کے بعد نئی دلی پہنچ گئے ہیں۔ آج صبح جناب مودی نے تھمپو میں Gyaltsuen Jetsun Pema مدرانیڈ چائلڈ اسپتال کا افتتاح کیا۔ جدید سہولتوں سے لیس یہ اسپتال بھارت سرکار کی مدد سے تعمیر کیا گیا ہے۔ بھارت نے 150 بستروں والے اس اسپتال کی مدد دو مرحلوں میں کی ہے۔ پہلا مرحلہ 22 کروڑ روپے کے اخراجات سے تعمیر کیا گیا تھا جو 2019 سے کام کر رہا ہے۔ دوسرے مرحلے کا کام 2019 میں شروع کیا گیا تھا جس پر 119 کروڑ روپے خرچ ہوئے۔ اب یہ مکمل ہوگیا ہے۔ بھوٹان کے شاہ جگمے کھیسر نامگیال وانگ چک نے وزیر اعظم ٹاپگے کے ساتھ جناب مودی کو ہوائی اڈے پر گرم جوشی کے ساتھ الوداع کہا۔ جناب مودی نے کہا کہ بھارت ہمیشہ بھوٹان کا ایک قابل اعتماد دوست اور ساجھیدار رہے گا۔

جناب مودی نے آرڈر آف دی ڈروک گیالپو عطا کئے جانے پر شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے شاندار میزبانی کے لئے بھوٹان کے عوام کا شکریہ ادا کیا۔ ×

Russia KIlled

روس میں کل رات راجدھانی ماسکو کے قریب ایک مشہور کنسرٹ ہال کے اندر، کچھ بندوق برداروں کے ہاتھوں گولی چلائے جانے کے معاملے میں 60 سے زیادہ افراد ہلاک اور 145 سے زیادہ زخمی ہوگئے۔ روس کے سرکاری میڈیا TASS نے بتایا ہے کہ تین مسلح افراد نے Crocus City Hall میں فائرنگ کردی۔ فائرنگ کی وجہ سے عمارت کی چھت کو نقصان پہنچا، روس کے خصوصی فوجی دستوں کو، موقعوں پر تعینات کردیا گیا ہے۔ SWAT کی ایک ٹیم کو فوری طور پر موقع پر بلایا گیا۔ اِس کے علاوہ 70 سے زیادہ ایمبولینس ٹیمیں اور ڈاکٹرز، متاثرہ افراد کی مدد کر رہے ہیں۔

بین الاقوامی سطح پر اِس حملے کی مذمت کی گئی ہے۔ اقوام متحدہ کے سربراہ اور اقوام متحدہ سلامتی کونسل نے انصاف کی ضرورت پر زور دیا ہے۔

وزیر اعظم نریندر مودی نے بھی حملے کی شدید مذمت کی ہے۔ اِن کے علاوہ امریکہ، یوروپی یونین، برطانیہ، فرانس، اسپین اور متحدہ عرب امارات نے بھی سخت الفاظ میں حملے کی مذمت کی ہے۔

دولت اسلامیہ ISIS نے ایک مختصر بیان میں اِس حملے کی ذمہ داری قبول کی ہے۔ یہ تنظیم ISIS خراسان گروپ سے وابستہ ہے۔ البتہ گروپ نے اپنے دعوے کی حمایت میں کوئی ثبوت پیش نہیں کیا ہے۔ x

Russia Embassy

ماسکو میں دہشت گردانہ حملے کے متاثرین کے لئے تعزیت اور غم کے اظہار کے طور پر نئی دلی میں روسی سفارتخانے پر روس کا قومی پرچم سرنگوں ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں سفارتخانے نے مہلوکین کے کنبوں سے تعزیت کا اظہارکیا ہے اور زخمیوں کی جلد صحتیابی کی دعا کی ہے۔××

CBI Moitra

سی بی آئی، ٹی ایم سی رہنما مہوا موئترا کے سوال کے بدلے رقم معاملے کے سلسلے میں کولکتہ سمیت مختلف مقامات پر تلاشی کی کارروائی انجام دے رہا ہے۔ سی بی آئی نے لوک پال کی ہدایت پر ٹی ایم سی کے سابق ایم پی کے خلاف ایک ایف آئی آر درج کی تھی۔ لوک پال نے ایجنسی کو ہدایت دی ہے کہ وہ چھ مہینے کے اندر رپورٹ داخل کرے۔××

Kejriwal Custody

دلّی کی ایک عدالت نے آبکاری پالیسی معاملے میں وزیر اعلیٰ اروند کجریوال کو اِس مہینے کی 28 تاریخ تک

انفورسمینٹ ڈائریکٹریٹ کی تحویل میں دے دیا ہے۔ CBI کے خصوصی جج کاویری بویجا نے یہ حکم دیا۔ کجریوال کو جمعرات کو گرفتار کیا گیا تھا اور اُنھیں عدالت میں پیش کیا گیا۔ انفورسمینٹ ڈائریکٹریٹ نے اُنھیں 10 دن تک اپنی تحویل میں رکھنے کی مانگ کی تھی۔ ڈائریکٹریٹ نے کہا کہ کجریوال، آبکاری پالیسی بنانے میں براہ راست ملوث تھے، جسے اب واپس لے لیا گیا ہے۔ اِس سے پہلے دلّی ہائی کورٹ نے عبوری طور پر اُنہیں گرفتار نہ کرنے کا حکم دینے سے انکار کر دیا تھا۔ x

BJP CEC

بھارتیہ جنتا پارٹی کی مرکزی انتظامیہ کمیٹی آج نئی دلی میں، پارٹی صدر دفتر میں ایک میٹنگ کرے گی، جس میں لوک سبھا انتخابات کے امیدواروں کو منظوری دی جائے گی۔
وزیراعظم نریندر مودی، BJP کے قومی صدر جے پی نڈّا اور وزیر داخلہ امت شاہ اِس میٹنگ میں شرکت کریں گے۔ میٹنگ میں کمیٹی کے ارکان اور ریاستوں کے عہدیداران بھی شرکت کریں گے۔x

Bandipora LS Elections

کل بانڈی پورہ میں VC Mini سیکریٹریٹ میں آئندہ پارلیمانی چناؤ کے سلسلے میں الیکٹرانک ووٹنگ مشینوں کی پہلے مرحلے میں یکایک جانچ پڑتال کی گئی۔ یہ جانچ پڑتال، ضلع چناؤ افسر بانڈی پورہ شکیل الرحمٰن، نائب ضلع چناؤ افسر محمد رفیق بٹ، EVM سے وابستہ نوڈل افسر ممتاز پیر، ARO-15 بانڈی پورہ اور ARO-14 سونا واڑی کی نگرانی میں یہ جانچ پڑتال کی گئی۔ اِن کے علاوہ ARO-16 گُریز نے ورچوئل طریقے پر اِس کام میں حصہ لیا۔ جانچ پڑتال کے وقت دوسرے اعلٰی افسران اور مختلف سیاسی جماعتوں کے نمائندے بھی موجود تھے۔ x

Kupwra LS Election

کشمیر وادی میں آئندہ پارلیمانی انتخابات 2024 کے سلسلے میں کپواڑہ ضلع کے سبھی چھ اسمبلی حلقوں کے لئے بیلٹ یونٹس، کنٹرول یونٹس اور VVPats مختص کرنے کی غرض سے کل یکایک جانچ پڑتال کا پہلا مرحلہ انجام دیا گیا۔ یہ جانچ پڑتال کپواڑہ کی ضلع چناؤ افسر DEO آیوشی سوڈان کی نگرانی میں AROs ، ڈپٹی DEO کپواڑہ اور سیاسی پارٹی کے نمائندوں کی موجودگی میں کی گئی۔ آنے والے لوک سبھا انتخابات کے لئے ضلع میں کُل 611 پولنگ مراکز ہیں۔ xx

Punjab Shaheed Divas

ملک آج مجاہد آزادی بھگت سنگھ، راج گرو اور سکھدیو کو ان کے یوم شہادت پر خراج عقیدت پیش کررہا ہے۔ 1931 میں آج ہی کے دن انقلابی لیڈروں کو شاہی حکومت کے خلاف سرگرمیوں کی وجہ سے برطانیہ کے حکمرانوں نے لاہور میں پھانسی دے دی تھی۔ اس موقع پر پنجاب سمیت ملک بھر میں کئی پروگرام منعقد کئے جارہے ہیں۔

شہداء کی چتاؤں پر ہرسال تقریب کا اہتمام ہوگا،یہی ان کی آخری نشانی ہوگی، اسی طرز پر پنجاب کے ضلع شہید بھگت سنگھ نگر میں بھگت سنگھ کے آبائی گاؤں Khatkar Kalan اور فیروز پور ضلع میں حسینی والا کی قومی شہادت یادگار میں شہادت سے متعلق خصوصی تقریبات منعقد کی جارہی ہے۔ 23 مارچ 1931 کو تین شہیدوں بھگت سنگھ، راج گرو اور سکھدیو کی آخری رسومات حسینی والا میں ہی ادا کی گئی تھیں۔

بھگت سنگھ کی شہادت کے بعد ان کے قریبی دوست بھگوتی چرن ووہرا کی اہلیہ درگا بھابھی جو خود بھی ایک انقلابی مجاہد تھیں، نے کہاتھا سولی ان کے لئے پویلین بن گیا، پھانسی کا پھندا ان کا ہار بن گیا اور موت ان کی دلہن بن گئی۔ان بہادر مجاہدین آزادی کو سلام جو ملک کیلئے امر ہوگئے۔

Punjab Sangroor

پنجاب کے سنگرور شہر میں مبینہ طور پر زہریلی شراب پینے سے کم سے کم 20 افراد کی جانیں تلف ہوگئی ہیں جبکہ 6 سے زیادہ افراد کی حالت تشویشناک ہے۔ ایک خصوصی پولیس ٹیم اِس معاملے کی تحقیقات کر رہی ہے اور اب تک 8 افراد کو گرفتار کیا جاچکا ہے۔ x

IPL

آج انڈین پریمیئر لیگ کرکٹ ٹورنامنٹ میں دو میچ کھیلے جائیں گے۔ موہالی میں آج تیسرے پہر ساڑھے تین بجے دہلی کیپٹلس، پنجاب کنگس کا سامنا کرے گا، جبکہ شام ساڑھے سات بجے کولکاتا میں سن رائزرس حیدر آباد اور مغربی بنگال کے درمیان دوسرا میچ کھیلا جائے گا۔

کل رات پریمیئر لیگ کے 17 ویں ٹورنامنٹ میں چنئی سُپر کنگس نے افتتاحیہ میچ میں رائل چیلنجرس بینگلور کو 6 وکٹ سے ہرایا تھا۔ x

Swiss Open Badminton

بیڈمنٹن میں بھارت کے مایہ ناز کھلاری کدامبی سری کانت سوئٹزرلینڈ کے Basel میں سوئس اوپن ٹورنامنٹ کے مردوں کے سنگلز کے سیمی فائنل میں پہنچ گئے۔ کدامبی نے کل شام انھوں نے Lee Chia Hao کو کوارٹرفائنل میں اکیس دس، اکیس چودہ سے ہرایا۔

آج رات فائنل میں جگہ بنانے کیلئے ان کا مقابلہ Lin Chun Yi سے ہوگا۔ دیگر کوارٹر فائنل میچوں میں Priyanshu Rajawat ، Chen Chou سے پندرہ اکیس، انیس اکیس سے ہارگئے جبکہ Kiran George کو ڈنمارک کے Rasmus Gemke کے ہاتھوں تیئس اکیس، سترہ اکیس، پندرہ اکیس سے شکست ہوئی۔

US Shutdown

امریکی سینیٹ نے آج رقم فراہم کرنے کے سلسلے میں سمجھوتہ ہونے کے بعد ایک اعشاریہ دو ٹریلین ڈالر کے

فنڈنگ پیکیج کا اعلان کیا ہے، جس سے سرکاری کام کاج ٹھپ ہونے سے بچ گیا ہے۔ فنڈز سے متعلق قانون کو 74 کے مقابلے 24 ووٹوں سے منظور کر لیا گیا۔ x

☆☆☆